سوال

(604)اللہ کے نام

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا اللہ تعالی کو اللہ میاں کہنا درست ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علی رسول اللہ، أما بعد!

اگراس کلمہ کے ساتھ کوئی گمراہ کن عقیدہ ملحق نہ ہو تو بطور احترام اللہ میاں کہنے میں کوئی حرج نہیں ہے،کیونکہ یہ کلمہ { میاں } لفظ اللہ کی جلالت شان پر دلالت کرتا ہے،جیسے عربی میں لفظ اللہ کے ساتھ تعالی یا جل شانہ کا اضافہ کر دیا جاتا ہے۔

لیکن افضل یہ ہے کہ اللہ کو اس کے ان ناموں کے ساتھ پکارا جائے جو قرآن وسنت سے ثابت ہیں۔ارشاد باری تعالی ہے :

وَلِلَّهِ الأَسماءُ الحُسنىٰ فَادعوهُ بِها.........١٨٠ ..... سورۃ الاعراف

''اللہ کے لیے اچھے اچھے نام ہیں، تم اسے ان ناموں کے ساتھ پکارو''

ہذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتاویٰ علمائے حدیث

کتاب الصلاۃ جلد 1